# 132438 ـ اگر ڈاکٹر مریضوں کا علاج کر کے تھک جائے تو روزہ توڑ سکتا ہے یا نہیں ؟

**سوال**

اگر ڈاکٹر مریضوں کا علاج کر کے تھک جائے تو کیا وہ عام حالت میں روزہ توڑ سکتا ہے ؟
اور اگر سرجری آپریشن لمبا ہو تو کیا حکم ہوگا، اور کیا فرسٹ ایڈ میں حکم مختلف ہوگا ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

" مریض کے علاج کے لیے ڈاکٹر روزہ نہیں چھوڑ سکتا ہاں یہ اور بات ہے کہ اگر مریض کی حالت خطرناک ہو اور اس کے علاج کے لیے روزہ توڑنے کی ضرورت ہو تو اس حالت میں ڈاکٹر روزہ توڑ سکتا ہے؛ کیونکہ ایک جان کو ہلاک ہونے سے بچانا ہے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی.

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ صالح الفوزان.

الشیخ عبد العزیز آل شیخ.

اشیخ بکر ابو زید.